# پنجاب میں کم از کم ڈرائیونگ کی عمر

**ڈرائیونگ کی عمر پر پاکستانیوں کی رائے تقسیم شدہ: 44% پاکستانی پنجاب میں موٹرسائیکلوں اور الیکٹرک بائیکس چلانے کے لیے کم از کم ڈرائیونگ عمر 16 سال کرنے کے حکومتی فیصلے کی حمایت کرتے ہیں، جبکہ 42% افراد اس کی مخالفت کرتے نظر آئے؛ مردحضرات میں اس حوالے سے حمایت دیکھنے میں آئی 51%, جبکہ خواتین میں مخالفت نمایاں رہی 46%۔**

حال ہی میں پنجاب میں ڈرائیونگ کی کم از کم عمر 16 سال کردی گئی ہے۔
کیا آپ حکومت کے اس فیصلے کی حمایت کرتے یا مخالفت؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## رائے عامہ سروے

## عوامی پالیسی اور نوجوانوں کی روڈ موبیلیٹی

## پنجاب میں کم از کم ڈرائیونگ کی عمر

**ڈرائیونگ کی عمر پر پاکستانیوں کی رائے تقسیم شدہ: 44% پاکستانی پنجاب میں موٹر سائیکلوں اور الیکٹرک بائیکس چلانے کے لیے کم از کم ڈرائیونگ عمر 16 سال کرنے کے حکومتی فیصلے کی حمایت کرتے ہیں، جبکہ 42% افراد اس کی مخالفت کرتے نظر آئے؛ مرد حضرات میں اس حوالے سے زیادہ حمایت دیکھنے میں آئی (51%) جبکہ خواتین میں مخالفت نمایاں رہی (46%)۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 29 جون 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 44% پاکستانی پنجاب میں موٹر سائیکلوں اور الیکٹرک بائیکس چلانے کے لیے کم از کم ڈرائیونگ عمر 16 سال کرنے کے حکومتی فیصلے کی حمایت کرتے ہیں، جبکہ 42% افراد اس فیصلے کی مخالفت کرتے نظر آئے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"حال ہی میں پنجاب میں ڈرائیونگ کی کم از کم عمر 16 سال کر دی گئی ہے۔ کیا آپ حکومت کے اس فیصلے کی حمایت کرتے ہیں یا مخالفت؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 44% جوابدہندگان کے مطابق وہ حکومت کے اس فیصلے کی 'حمایت' کرتے ہیں، 42% جوابدہندگان کے مطابق وہ حکومت کے اس فیصلے کی 'مخالفت' کرتے ہیں، 13% کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں، جبکہ 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ ان نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ عوام کی رائے تقریباً تقسیم شدہ ہے، البتہ تھوڑے سے زیادہ لوگ اس پالیسی کے حق میں ہیں۔

مجموعی طور پر، سروے کے نتائج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ موٹر سائیکلوں اور الیکٹرک بائیکس چلانے کے لیے کم از کم ڈرائیونگ عمر 16 سال کرنے پر عوامی رائے تقسیم شدہ ہے، اگرچہ معمولی اکثریت اس فیصلے کے حق میں ہے۔ مرد حضرات میں اس حوالے سے نسبتاً زیادہ حمایت اس بات کو اجاگر کرتی ہے کہ اس پالیسی کے بارے میں مردوں اور خواتین کے خیالات میں واضح فرق موجود ہے۔ یہ نتائج اشارہ کرتے ہیں کہ پالیسی سازوں کو اس فیصلے کے ساتھ ٹریفک قوانین، حفاظتی اقدامات، اور نوجوانوں کی بہتر شمولیت سے متعلق آگاہی مہمات بھی چلانی چاہئیں، تاکہ عوامی خدشات کو دور کیا جاسکے اور پالیسی کو مؤثر انداز میں نافذ کیا جاسکے۔

**"حال ہی میں پنجاب میں ڈرائیونگ کی کم از کم عمر 16 سال کر دی گئی ہے۔ کیا آپ حکومت کے اس فیصلے کی حمایت کرتے ہیں یا مخالفت؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1227 خواتین اور مرد حضرات سے 6 دسمبر 2025 تا 18 دسمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** پنجاب میں ڈرائیونگ عمر کم کرنے کے حکومتی فیصلے کی حمایت مرد حضرات میں نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی (51%)، جبکہ خواتین میں یہ شرح 35% رہی۔ دوسری جانب، خواتین (46%) میں اس پالیسی کی مخالفت کی شرح مردوں کے مقابلے (37%) میں زیادہ پائی گئی۔ یہ نتائج ڈرائیونگ عمر کم کرنے کی پالیسی کے بارے میں مردوں اور خواتین کے خیالات میں واضح فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 29 June 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)